سُنا ہے تمہاری سڑکوں کی چمک شیشہ جیسی ہے، ایسے ٹرانسپورٹ خوبصورتی کا تم مجسمہ ہو، زندگی کی رنگا رنگ رنگینیوں سے تمہارے گلی کوچے معمور ہیں، تم نے میرے بہت سے بھائی اور بہنوں کو اپنی پناہ میں رکھا ہے روزگار فراہم کیا ہے، کتنی ہی عمدہ کاریں دے رکھی ہیں، اور مغربی لباس میں ملبوس ان کی سج دھج کتنی بھلی معلوم پڑتی ہے، مگر اس کے ساتھ یہ بھی سُنا ہے کہ بعض میرے بھائی ایسے ہیں، جن سے تیرا سلوک کچھ مختلف ہے، ان کی تعلیم اور ڈگریوں کی کوئی پوچھ گچھ نہیں، تو کیا ان کو کسی قابل ہی نہیں سمجھتے! یہاں تو ایک ڈگری یافتہ انجینئر کو مزدوری بھی نہیں دیتا ——— تجھے کیا خبر یہ تو تیرے ماہرین سے بھی اچھے ہیں، یہ شہری قسمت کیا کہوں ان کے متعلق جو خود ہی احساس کمتری کا شکار ہو گئے ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ جو کچھ بھی یہاں ملیگا، قبول کر لیں گے، مگر بہت سمجھو انکا اپنا ضمیر نہیں ہے، وہ تو ایسے ہیں کہ کچھ ہو جائے مگر سر تسلیم خم بھی نہیں لیگا، مگر تو ان کو بھی دیکھتا ہوگا، جو رات کلب بھی جاتے ہیں اور مے و مینا سے دل بھی بہلاتے ہیں، مگر یہ بھی تیری خوشنودی کے لیے کہ کہیں تو ان کو یہ نہ کہہ دے کہ وہ مہذب نہیں ہیں، دیکھ ان کو تو اب اتنا وقت بھی نہیں ملتا ہے کہ اپنے بہن بھائی اور ماں باپ کو خط بھی لکھ سکیں،

یاد آتی بھی ہے تو تیرے دم سے بہت سے اور مسئلے نکل آتے ہیں، اور ان کی ضروریات کی بات ہی کیا ہے کہیں نہ کہیں سے پوری ہو ہی جاتی ہوں گی، کیا تو سمجھتا ہے انہیں ہمارا خیال نہیں ہے، بخیل تو جتنا وہ اُن کا کرتے ہیں شاید تیرا بھی نہ کرتے ہوں مگر تو ان کو موقع ہی نہیں دیتا ہے، پھر ان کو ہی قصوروار کیوں ٹھہراؤں؟

دیکھو ان کے خلاف کوئی بات نہ کرنا اگر ایک بات بھی تو نے ان کے خلاف کی تو مجھ سے برا کوئی نہ ہوگا ——— اب بھی اپنے ملک کے لیے میدان عمل میں نکل آتے ہیں، وطن عزیز کو دشمن نے للکارا تو وہ میدان عمل میں نکل آئے ... ۹ ہزار ڈالر چندہ جمع کیا ——— اب تو بہت کہنا کہ پانچ ہزار میاں تجھے لیے تو زر چندہ جمع کیا تو کون سا تیر مارا! ——— میں نے تو تجھے الزام دیا ہی کب، تیرے ہاں مہنگائی ہی اتنی ہے کہ اگر بچت ہوتی ہی نہیں تو پھر میرے دلاور کیا کریں، ایک ویک اینڈ کا خرچ ہی اتنا ہوتا ہے کہ اور کچھ ہو ہی نہیں سکتا، ایک شام ۳ ہی میں اتنی تو کچی ہاتھ سے نکل جاتی ہے کہ ہفتہ بھر کام سے مشکل سے جمع ہو، کہاں سے بچائیں بیچارے!

پھر ان کو اپنی دھرتی پر کتنا ناز ہے، ان کو خبر ہے پاکستان کو ان کے غیرت مند بھائی بہن محفوظ رکھیں گے، اپنی قربانیوں سے وہ تیرے پاس کچھ دیر تو Relax ہو لیں ——— اب تو ان کو اپنے پہلو میں پاتا ہے تو ان کو لاوارث نہ سمجھ ——— ان بہنوں کی دعائیں، ماں کی ممتا اس کا پیار ان راہ کے سارے کانٹے چن لیگا،

سات سمندر پار
ایک بہن

غزل

سیدہ نزہت نعیم

خدایا کاتبِ عشق یہ چاہت میں یہ کیسا مقام آیا
میرا ساقی ہے یا لمحہ بھی کچھ میرے نہ کام آیا
تیری عادت سے ہم بھی آشنا ہو کر بھی یہ خوش فہمی
جلایا دیپ اُلفت کا تو تیرا امید بھی ہم بھی،
اک اس کے پیار کی خاطر گنوائی ہاتھ سے عزت
جنونِ عشق میں ہم حد سے یوں گزرے لے مدہوش
نہ آیا وہ نہ آیا سامنے میرے کبھی لیکن
کبھی تو ہو ہی جائیگا وہ ہم سے آشنا نغمہ خلوت

جہاں جذبِ دروں، سوزِ محبت بھی نہ کام آیا
وہ محفل اٹھ گئی جس دم تو مجھ تک دورِ جام آیا
مرا کب آنے پہ یہ سمجھے ہمیں تیرا پیام آیا
مگر اپنے مقدر میں فقط سوزِ مدام آیا،
درِ محبوب پہ جا کر کبھی تیرا اسلام آیا،
جہاں تو نے جبیں رکھ دی، وہیں اپنا مقام آیا
میرے دل کے نہاں خانوں میں آخر صبح و شام آیا
جو اس کے سامنے چھپ کر کبھی تیرا کلام آیا،

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے سوال پر پاکستان میں ریفرنڈم کرائے جانے کا امکان

"میں مشرقی اور مغربی پاکستان کے اتحاد کی خاطر بہت سی مراعات دینے کو تیار ہوں" سوما لیہ میں صدر پاکستان کا بیان

موغادیشو (سومالیہ): (رائیٹر) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے اس امکان کی طرف اشارہ کیا ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے سے پہلے وہ اپنے ملک میں اس سوال پر ریفرنڈم کرائیں گے۔ سومالیہ میں اپنے مختصر قیام کے بعد کل ہوائی اڈے پر اخباری نمائندوں سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے سوال پر اپنے عوام کی رائے طلب کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وہ مشرقی اور مغربی پاکستان کے اتحاد کی خاطر بہت سی مراعات دینے کو تیار ہیں انہوں نے کہا کہ ایک دن وہ مزور آئے گا جب دونوں طرف کے عوام ایک بار پھر متحد ہونا چاہیں گے اور یک جا ہو کر ایک مستقبل کی جانب رواں ہوں گے انہوں نے کہا کہ بھارت کے لئے کوئی جواز نہیں ہے کہ وہ پاکستانی جنگی قیدیوں کو اپنے پاس رکھے سومالیہ کے دورے کے آخر میں ایک مشترکہ بیان جاری کیا گیا جس میں سومالی حکومت نے پاکستان کے اتحاد اور یک جہتی کے لئے اپنی جانب سے عزت اور تکریم کا اظہار کیا ہے۔ سومالیہ کی سپریم انقلابی کونسل کے صدر جنرل محمد سعید بری نے توقع ظاہر کی کہ پاکستان اور بھارت کے سربراہ اپنی ملاقات میں باہمی مسائل کا کوئی نتیجہ خیز حل نکالیں گے۔ مشترکہ اعلان میں کہا گیا ہے کہ سومالی رہنما نے پاکستان کے دورے کی دعوت بھی قبول کرلی ہے جس کی تاریخ بعد میں طے کی جائے گی سومالیہ آنے سے پہلے صدر بھٹو نے سعودی عرب کا دورہ کیا تھا سعودی عرب کے ریڈیو نے بتایا ہے کہ ایک مشترکہ اعلان میں یہ طے کیا گیا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب مختلف سطحوں پر اپنے رہنماؤں اور نمائندوں کا تبادلہ کریں گے اور ہر میدان میں تعاون کی کوشش کی جائے گی۔ اس بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ شاہ فیصل نے پاکستان اور بھارت کے درمیان سربراہ کانفرنس بلانے کے لئے کی جانے والی کوششوں کو سراہا ہے۔ رائٹر کے نمائندے نے خرطوم سے خبر دی ہے کہ صدر ذوالفقار علی بھٹو نے سوڈان کے دورے کے دوران صدر نمیری سے پاکستان اور بھارت، مشرق وسطی اور افریقہ کے حالات پر گفت و شنید کی۔ دونوں رہنماؤں نے آپس کے تعلقات کے بارے میں بھی سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔ صدر بھٹو اس سے پہلے ایتھوپیا کا دورہ کر کے آئے تھے جہاں ان کی خاطر مدارات انتہائی شاندار طریقے سے کی گئی۔ کل جب وہ سولہ گھنٹے کے دورے پر عدیس ابابا پہنچے تو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ ان کا خیر مقدم کیا گیا۔ شاہ ہیل سلاسی، وارث تخت شہزادہ اصفا وسن اور شاہی خاندان کے دوسرے افراد نے ان کا استقبال ہوائی اڈے پر کیا۔ جب صدر اپنے خصوصی جہاز سے اپنی اہلیہ کے ساتھ نکلے تو ۲۱ توپوں کی سلامی دی گئی اور ایتھوپیا کی فضائیہ کے جہاز نے غوطہ مار کر صدر کو سلامی دی۔ گارڈ آف آنر کا معائنہ کرنے کے بعد صدر جوبلی پیلس گئے جہاں دونوں سربراہوں کے درمیان گفت و شنید ہوئی۔ رات صدر کے اعزاز میں ایک شاندار ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔

کراچی ۱۸ جون: نمائندہ جنگ: کراچی کی پیپلز پارٹی کے ایک لیڈر مسٹر کمال اظفر کو آج سندھ کی کابینہ میں شامل کر لیا گیا۔ وہ صوبائی یا قومی اسمبلی کے ممبر نہیں ہیں۔

بھارت نے سرحدوں پر پھر خلاف ورزیوں کا سلسلہ شروع کر دیا

اسلام آباد: ۳ جون (رائٹر) پاکستان نے کشمیر کی جنگ بندی لائن، لاہور اور شمالی سرحدی علاقوں میں مئی کے تیسرے ہفتے کے دوران فائر بندی کی بڑھتی ہوئی خلاف ورزیوں پر بھارت سے شدید احتجاج کیا ہے۔ کل ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ کشمیر میں جابیرہ کے علاقے میں فصلیں کاٹتے ہوئے ایک شخص بھارتی مشین گن کی گولیوں سے ہلاک ہو گیا اور اسی روز بھارتی فوجیوں نے کوٹلی کے علاقے میں خود کار ہتھیاروں سے ... راؤنڈ فائر کئے۔ سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ بھارتیوں نے کشمیر کے سیکٹر میں ۱۴ سے ۲۱ مئی تک ۲۱ مرتبہ فائر بندی کی خلاف ورزیاں کی تھیں۔

جہیز پر پابندی کے قانون کی خلاف ورزی پر تین سال قید کی سزا دی جا سکے گی

لڑکی والے تین ہزار اور لڑکے والے دو ہزار روپے سے زائد خرچ نہیں کر سکیں گے

لاہور ۱۸ جون (اپ پ) حکومت کی طرف سے صوبائی اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں جہیز کو محدود کرنے کے سلسلے میں مسودہ قانون پیش کیا جا رہا ہے جس کے تحت اس قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سخت سزا دی جا سکے گی۔ ملک حنیف ... نے آج ایک انٹرویو میں بتایا کہ مجوزہ قانون کے مطابق لڑکی والوں کو تین ہزار روپے کی مالیت کا جہیز اور لڑکے والوں کو دو ہزار روپے کی حد کا پابند کر دیا جائے گا۔ اسی طرح شادی کے تحائف کے سلسلے میں بھی پابندی عائد کر کے تحفہ کی مالیت پانچ سو روپے تک متعین کر دی جائے گی اس کے علاوہ جہیز میں دی جانے والی تمام چیزوں اور تحائف کا اندراج نکاح کے رجسٹر میں لازمی ہو گا اس قانون کے نفاذ کے بعد اس کی خلاف ورزی کی سزا تین سال قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی اور زائد جہیز ضبط کر لیا جائے گا۔ وزیر نے بتایا کہ عوام کو پریشانی اور دھاندلی سے محفوظ رکھنے کے لئے کم از کم پولیس انسپکٹر کو کارروائی کرنے کا مجاز ہو گا اور مقدمہ درجہ اول کے مجسٹریٹ کی عدالت میں دائر ہو گا۔

پاکستانیوں کو وطن میں سرمایہ لگانے اور صنعتیں قائم کرنے کی سہولت دی جائے گی

بریڈفورڈ ۔ ۷ جون (آصف جیلانی - نمائندہ جنگ) پاکستان کے وزیر تعلیم مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ نے اعلان کیا ہے کہ برطانیہ میں رہنے والے پاکستانیوں کو پاکستان میں صنعتیں قائم کرنے اور صنعتوں میں سرمایہ لگانے کی تمام تر سہولتیں فراہم کی جائیں گی اور حکومت ان کے سرمائے کی پوری ضمانت دے گی۔ برطانیہ میں رہنے والے پاکستانیوں کو اپنے وطن میں جوائنٹ اسٹاک کمپنی کے حصص خریدنے کی اجازت ہو گی۔ پاکستان میں زمین خریدنے کی سہولت دی جائے گی۔ پاکستان میں ڈیپازٹ پر ... فیصد منافع دیا جائے گا اور انکم ٹیکس میں بھی چھوٹ دینے پر غور کیا جائے گا۔

موجودہ قومی اسمبلی کی میعاد مکمل پانچ سال ہے

وزارت قانون ترجمان کی وضاحت

اسلام آباد (اپ پ) وزارت قانون اور پارلیمانی امور کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ بعض حلقے عوام کو یہ غلط تاثر دے رہے ہیں کہ موجودہ قومی اسمبلی کی میعاد پانچ سال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے برعکس عبوری آئین کے مطابق موجودہ اسمبلی کی مدت ۵ سال مقرر ہے۔ البتہ بعض خاص حالات میں صدر اس سے قبل اسمبلی کو ختم کر سکتے ہیں ترجمان نے بتایا کہ قومی اسمبلی سے متعلق عبوری آئین میں جو دفعہ موجود ہے اس کی عبارت یہ ہے۔ قومی اسمبلی بشرطیکہ اسے قبل از وقت ختم نہ کر دیا جائے۔ اپنے پہلے اجلاس کی تاریخ کے بعد پانچ سال تک باقی رہے گی۔ اس مقررہ مدت کے خاتمہ پر یہ اسمبلی خود بخود ختم ہو جائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ اس واضح دفعہ کی موجودگی میں یہ بعض حلقے غلط تاثر پھیلا رہے ہیں کہ یہ ساڑھے تین سال کے بعد ختم ہو جائے گی

پاکستان دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہو گیا ہے: ہندوستان ٹائمز

نئی دہلی ۱۸ جون (اپ پ) ممتاز بھارتی اخبار "ہندوستان ٹائمز" نے اس بات کا اعتراف کر لیا ہے کہ پاکستان دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہو گیا ہے۔ اخبار کے ایڈیٹر درگا داس نے ایک مضمون میں لکھا کہ یہ صدر بھٹو ہی کا کمال ہے کہ پاکستان کو اپنی شکست کے بعد انتشار کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ انہوں نے حال ہی میں صدر بھٹو کا اپنے دورہ پاکستان کے دوران انٹرویو لیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام میں اب اعتماد بحال ہو رہا ہے اور ملک میں استحکام پیدا ہو گیا ہے۔ نئی پالیسی کی بنیادیں رکھی جا چکی ہیں اور اقتصادیات کی تعمیر نو ہو رہی ہے۔ عوام میں ایک جذبہ پیدا ہو رہا ہے حالانکہ قوم کو ابھی کئی مسائل درپیش ہیں استحکام کی وجوہات بیان کرتے ہوئے بھارتی صحافی نے کہا کہ تین چیزوں نے ان مسائل پر قابو پایا ہے۔ پہلی چیز تو عبوری آئین ہے جس میں خواہ کوئی خامی ہی کیوں نہ ہو لیکن اس وقت ملک میں نافذ ہے۔ اس کی بدولت ملک میں دستوری اور آئینی حکومت بحال ہو گئی ہے۔ دوسری بات یہ کہ مرکزی حکومت کا قیام مارشل لا کے دوران ہی عمل میں لایا گیا لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ صوبائی خود مختاری چاروں صوبوں میں مختلف سیاسی جماعتوں کو دی گئی ہے جو اکثریت میں ہیں اس طرح ملک میں بڑی حد تک جمہوریت کا قیام عمل میں آگیا ہے۔ تیسری بات یہ کہ ملک سے مارشل لا کا خاتمہ کر دیا گیا ہے اور اس صورت حال کو ختم کر دیا گیا ہے کہ پاکستان کی بقا کے لئے فوج کو اہم کردار بنایا گیا۔ مارشل لا کے خاتمے سے پارلیمان اور جمہوری حکمرانی کا ایک طویل دور ختم ہو گیا۔ اور قانون کی حاکمیت بحال ہو گئی۔ انہوں نے لکھا کہ مسٹر بھٹو نے یہ مسائل اس لئے حل کئے کیونکہ وہ دو بڑے صوبوں پنجاب اور سندھ کے عوام کی خواہشات کے آئینہ دار تھے اور دو مختلف پالیسی سے بچنے کے لئے مارشل لا کو مزید جاری نہیں رکھ سکتے تھے۔

یونیورسٹی انتخابات دوبارہ کرانے کی ہدایت

لاہور یکم جون (اپ پ) گورنر پنجاب مسٹر غلام مصطفی کھر نے یونیورسٹی انتخابات میں ہنگامہ کی تحقیقات کرنے والے ٹریبونل کی رپورٹ کی منظوری دے دی ہے اور پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر کو ہدایت کر دی ہے کہ یونیورسٹی انتخابات دوبارہ کرائے جائیں۔ خیال رہے کہ یونیورسٹی انتخابات کے موقع پر ہنگامہ کے نتیجہ میں ایک طالب علم برکات احمد جاں بحق ہو گیا تھا۔ ہنگامہ کی تحقیقات کے لئے پنجاب ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس سردار اقبال پر مشتمل ٹریبونل مقرر کیا گیا تھا۔

ملکہ ترنم نورجہاں نے اظہر اختر ربانی کو مناظرہ کا چیلنج کر دیا

لاہور ۳۰ جون (اپ پ) ملکہ ترنم نورجہاں نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وہ کسی سے بھی کسی قسم کی دشمنی رکھنے کے حق میں نہیں

سکھر جیل میں پولیس نے باغی قیدیوں پر گولی چلا دی

دس قیدی ہلاک ۳۱ زخمی آنسو گیس کا اثر نہ ہوا پولیس پر قیدیوں کا پتھراؤ

یکے از مطبوعات "فرینڈز آف پاکستان" ٹرانٹو، کینڈا
۳۰۳ سٹیشن ڈی، ٹرانٹو

پاکستان کے شب و روز

بشکریہ
روزنامہ نوائے وقت لاہور
روزنامہ جنگ کراچی
روزنامہ امروز لاہور
روزنامہ جسارت کراچی

سرحد اسمبلی میں ۵۸ لاکھ روپے کا فاضل بجٹ پیش کر دیا گیا ★

افغانستان کے اشتراک سے فولاد کا کارخانہ قائم کیا جائے گا

پشاور ۔ سرحد اسمبلی میں صوبائی وزیر خزانہ جناب غلام فاروق خان خٹک نے آج شام ۱۹۷۲-۷۳ء کے مالی سال کے لئے صوبہ سرحد کا ۵۸ لاکھ روپے کا فاضل بجٹ پیش کر دیا۔ بجٹ میں آمدنی کا تخمینہ ۳۱ کروڑ ۱۸ لاکھ روپے لگایا گیا ہے جبکہ اخراجات کا تخمینہ ۳۰ کروڑ ۶۰ لاکھ روپے ہے۔ اس طرح ۵۸ لاکھ روپے فاضل رہے جو قومی پالیسیوں پر عمل درآمد میں صرف کئے جائیں گے۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے لئے ۲۲ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ بجٹ میں ۴۰ لاکھ روپے کے نئے ٹیکس لگائے گئے ہیں اور سینما کے ٹکٹوں پر ٹیکس میں پچاس سے ۶۰ فیصد تک اضافہ کر دیا گیا ہے۔

پاکستان میں دوسری بندرگاہ کے قیام پر غور

کراچی ۱۱ جون ... غیر ملکی اور پاکستانی ماہرین نے ضلع ٹھٹھہ میں سونمیانی اور کورنگی کے قریب گھوڑا باری کریک میں کشتی لنگر اندازی کی ترقی کے سلسلے میں جو ابتدائی رپورٹ میں پیش کی ہے حکومت ان کا تفصیلی جائزہ لے رہی ہے۔ دریں اثنا پتہ چلا ہے کہ حکومت نے ان ماہرین سے یہ بھی کہا ہے کہ ان دونوں منصوبوں کے اخراجات کا تخمینہ بھی تیار کریں۔ گھوڑا باری کریک کے منصوبے کا جاپانی ماہرین پر مشتمل ایک ٹیم جائزہ لے رہی ہے جبکہ سونمیانی کے منصوبے کا ایک پاک جرمن فرم مشترک انجینئر جائزہ لے رہی ہے۔ اس سلسلے میں قطعی فیصلے میں کچھ وقت درکار ہوگا۔ ماہرین سونمیانی کو پاکستان کی دوسری بندرگاہ کے طور پر ترقی دینے کے حق میں ہیں۔ سونمیانی بندرگاہ کراچی سے تقریباً ۴۰ میل دور واقع ہے اور یہ ایران اور پاکستان کو ملانے والی آر سی ڈی شاہراہ سے بھی قریب ہے۔

قومی اسمبلی کے رکن اور جماعت اسلامی کے رہنما ڈاکٹر نذیر احمد کو گولی مار دی گئی

انا للہ و انا الیہ راجعون

ڈیرہ غازی خان ۸ جون (عبدالرشید قریشی نمائندہ خصوصی) آج شام یہاں مقامی جماعت اسلامی کے امیر اور قومی اسمبلی کے رکن ڈاکٹر نذیر احمد کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا۔ وہ نماز مغرب کے بعد اپنے مطب میں بیٹھے تھے کہ کسی نامعلوم شخص نے ان پر ریوالور سے فائر کئے انہیں دو گولیاں لگیں اور وہ وہیں پر ڈھیر ہو گئے۔ نامعلوم قاتل فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ لوگوں نے فوری طور پر ڈاکٹر صاحب کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال پہنچایا۔ جہاں انہیں آکسیجن دی گئی۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اس وقت وہاں موجود نہ تھے۔ شہر کے دوسرے ڈاکٹر ہسپتال پہنچ چکے تھے اس لئے بغیر توقف طبی امداد بہم پہنچانے کا کام شروع کر دیا گیا لیکن متواتر کوشش کے باوجود تمام ڈاکٹر ڈیرہ غازی خان کے اس عظیم فرزند کی جان نہ بچا سکے۔ اور ڈاکٹر نذیر احمد اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

چین بنگلہ دیش سے پٹ سن خریدے گا

نئی دہلی ۱۲ جون (اے پی پی) بھارتی روزنامہ ہندوستان ٹائمز نے اطلاع دی ہے کہ بنگلہ دیشی کابینہ نے پٹ سن کی خریداری کے بارے میں چین کی تجویز کو اصولی طور پر منظور کر لیا ہے اور اب پٹ سن کی قیمت مقدار اور ترسیل کے ذرائع کے بارے میں طریقہ کار طے کرنا باقی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ چین نے قیمت کی جو پیشکش کی ہے وہ موجودہ بین الاقوامی قیمت سے زیادہ ہے۔

ایوان صدر کا نیا نام ۔ پریذیڈنسی

راولپنڈی ۱۲ جون (اے پی پی) کیبنٹ ڈویژن کی ایک اطلاع کے مطابق ایوان صدر کا نام بدل کر پریذیڈنسی کر دیا گیا ہے۔

پاکستان دوبارہ دولت مشترکہ میں شامل ہو جائے گا

کراچی ۱۲ جون (ریڈیو رپورٹ) گارڈین لندن نے اطلاع دی ہے کہ پاکستانی دفتر خارجہ کے افسر ایک ایسا فارمولا تیار کرنے میں مصروف ہیں جس کے تحت پاکستان بغیر کسی سبکی کے دوبارہ دولت مشترکہ میں شامل ہو سکتا ہے۔ بی بی سی کے مطابق گارڈین کے نمائندے نے کراچی سے اطلاع دی ہے کہ حکومت اس اقدام کے لیے اس وقت تک انتظار کرنا چاہتی ہے جب تک سنگاپور میں اس کی نئی دلچسپی کے بارے میں باہمی بات چیت کا مکمل رد عمل سامنے نہ آ جائے۔

بنگلہ دیش میں ۲ لاکھ بہاری ہلاک کئے جا چکے ہیں

لندن ۱۰ جون (اے پی پی) بین الاقوامی ریڈ کراس سوسائٹی کے ایک سرجن ڈاکٹر جان ہیچل نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش میں ۲ لاکھ کے قریب بہاریوں کا قتل عام کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر ہیچل نے جو حال ہی میں ڈھاکہ سے واپس لوٹے ہیں بتایا کہ بنگلہ دیش میں رہنے والے بہاری غذائی قحط اور بیماریوں کا شکار ہیں اور اگر فوری طور پر امداد نہ پہنچائی گئی تو بقیہ بہاری آئندہ چند ہفتوں میں ختم ہو جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ پاک بھارت جنگ سے قبل مشرقی پاکستان میں ایک کروڑ بہاری آباد تھے۔

سابق حکمرانوں کے خلاف مقدمہ قائم کرنے کا حق

صدر نے آرڈیننس جاری کر دیا

اسلام آباد ... صدر نے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کے تحت اب ایک شہری عام شہری عدالتوں میں حکمرانوں کے خلاف مقدمہ قائم کر سکتا ہے۔ اس مقصد کے لئے مرکزی حکومت سے اجازت لینی ضروری تھی۔

تخریب پسندوں کے خلاف کارروائی کے لئے تمام صوبے متحد ہو گئے

راولپنڈی ۱۱ جون (نمائندہ جنگ) مرکزی وزیر تعلیم پیرزادہ کی صدارت میں گورنروں اور مرکزی وزراء کی کانفرنس نے یہ فیصلہ کیا کہ تمام صوبوں میں ایک مشترکہ پالیسی کے تحت تخریب پسندوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی جو عوام کو مشتعل کر رہے ہیں۔ کانفرنس نے فیصلہ کیا کہ جو تخریب پسند کوئی پارٹی سے نکالا جائے گا انہیں نیپ یا جمعیت العلماء یا پیپلز پارٹی میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ کانفرنس نے یہ بھی طے کیا کہ امن عامہ کی بحالی کے سلسلے میں تمام صوبے ایک دوسرے سے تعاون کریں۔

●●●●●●

میں مجیب سے بات چیت کے لیے ڈھاکہ جانے پر تیار ہوں

جنگی قیدیوں کا مسئلہ بھی حل کر سکتا ہوں : اصغر خان

کراچی ... ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان نے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ وہ صدر بھٹو اور ان کی پارٹی پر صرف نکتہ چینی کی خاطر نکتہ چینی نہیں کرتے بلکہ اس نکتہ چینی کا مقصد یہ ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ صدر بھٹو اور ان کی جماعت جمہوری روایات پر عمل کرے اور اصل راہ سے گمراہ نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اکثریتی جماعت ہے اور اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ ملک پر حکمرانی کرے اور جمہوری طریقے سے کاروبار حکومت چلائے۔ انہوں نے عبوری آئین پر سخت نکتہ چینی کی اور کہا کہ یہ آئین روح کے اعتبار سے جمہوری نہیں ہے اور ابھی ملک میں صحیح معنوں میں اصلاحات نافذ نہیں کی گئیں۔ انہوں نے ایک بار پھر اپنی اس پیشکش کو دہرایا کہ وہ شیخ مجیب الرحمن کے ساتھ بنگلہ دیش کے مسئلے پر اور جنگی قیدیوں کو واپس لانے کے لئے بات چیت کرنے کی خاطر مشرقی پاکستان جانے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بلوچستان اور صوبہ سرحد کے دورے کے بعد وہ دعویٰ سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان صوبوں کے عوام محب وطن ہیں اور پاکستان کی وحدت ہر قیمت پر برقرار رکھنے کا پختہ عزم رکھتے ہیں۔

ایک بھی جنگی قیدی بنگلہ دیش کو دیا گیا تو بھارت سے کبھی تعلقات بہتر نہیں ہوں گے

ایک انٹرویو میں صدر بھٹو نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کے کسی جنگی قیدی کو بنگلہ دیش کے حوالے کرنے کی کوشش کی تو پھر پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات بہتر ہونے کا کوئی امکان نہیں رہے گا۔

صوبہ سرحد میں سودی نظام ختم کر دیا گیا

شراب کے استعمال، کشید اور فروخت کو ناقابل ضمانت جرم قرار دے دیا جائیگا : مفتی محمود

پشاور ۱۱ جون (اے پی پی) صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ مولانا مفتی محمود نے حکم دیا ہے کہ آئندہ مالی سال سے صوبائی حکومت کے کسی قرضے پر سود وصول نہ کیا جائے۔ اس حکم کے نتیجہ میں آئندہ مالی سال سے کسانوں اور کاشتکاروں کو دیئے جانے والے تقاوی قرضوں ترقیاتی قرضوں اور دیگر تمام صوبائی قرضوں پر سود کی وصولی کا طریقہ کار ختم ہو جائے گا۔ گزشتہ شب ایک بیان جاری کیا گیا جس میں مولانا مفتی محمود نے کہا کہ سود کا طریقہ کار ختم کرنے کا فیصلہ قوانین کو اسلامی اصولوں کے مطابق بنانے کا وعدہ پورا کرنے کے لئے کیا گیا ہے جو انہوں نے برسر اقتدار آنے سے قبل عوام سے کیا تھا۔ مولانا نے وضاحت کی کہ سود کی اسلام میں قطعی ممانعت اور صوبائی حکومت کا یہ فیصلہ قطعی اسلام کے مطابق ہے کیونکہ سود معاشرہ کے غریب طبقہ کے مفادات کے منافی ہے۔ جسے لازمی ختم ہونا چاہیئے تھا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکومت کے اس فیصلہ سے کسانوں کو بے حد سہولت حاصل ہو جائے گی کیونکہ بعض اوقات ان کے تقاوی قرضوں کا سود اصل سے بھی بڑھ جاتا ہے۔ جس کی ادائیگی کے لئے انہیں شدید مصائب سے دوچار ہونا پڑتا تھا۔ ترقیاتی قرضوں پر سود ختم ہونے کا بھی عوام یقیناً خیر مقدم کریں گے کیونکہ اس سے غریب کی اقتصادی بہتری میں مدد ملے گی۔ مولانا مفتی محمود نے کہا کہ اس فیصلہ سے ثابت ہو گیا ہے کہ اس سے قبل ان کی حکومت نے ثابت کر دیا کہ سود اسلامی قوانین کے منافی ہے۔

غیر سیاسی باتیں

عبدالقادر حسن

اور سیاست دان کیسی خاموش

عورتیں نہیں وہ کھٹے چاولڑیاں بانی اور مرچ پاوڈر کا سلسلہ جاری ہے لیکن بیچے کی سطح پر کوئی بڑا معرکہ نہیں ہو رہا ہے اس کی بڑی وجہ استقلال کی وہ کیفیت ہے جو اپنی قومی سیاست پر طاری ہے یہ استقلال اندرا بھٹو یا بھٹو اندرا ملاقات کا ہے جسے سیاسی رہنما اس استقلال میں ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں کہ اس ملاقات کے کیا نتائج برآمد ہوتے ہیں اور سوچ رہے ہیں کہ یوں ہوا تو کیا کریں گے اور ووں ہوا تو کیا کریں گے برسراقتدار پارٹی اور اپوزیشن پارٹیوں کی زوردار سیاست اس ملاقات کے بعد شروع ہو گی صدر بھٹو بھارتی حکومت کے سامنے جھکتے ہیں یا کتنے اکڑتے ہیں۔ اس جھکنے یا اکڑنے کی کیفیت اور مقدار پر آئندہ سیاست کی گرمی و سردی کا انحصار ہے لیکن اس ملاقات میں صدر بھٹو کیا کریں گے اس کا کسی کو علم نہیں ہے اس بارے میں کچھ کہنا اتنا غیر یقینی ہے کہ بعض دفعہ شبہ ہوتا ہے کہ شاید خود صدر بھٹو بھی نہیں جانتے کہ وہ کیا کریں گے ہمارے صدر نے آج تک اپنے بے شمار بیانات اور تقریروں کے باوجود یہ ظاہر نہیں ہونے دیا کہ وہ کیا پالیسی رکھتے ہیں انہوں نے بھارت کے بارے میں [illegible] کے بیانات دے رکھے ہیں یہ بھی کہا ہے کہ میں [illegible] قربان کر دوں گا اور یہ بھی کہا ہے کہ میں ملک کے مفاد کا سودا نہیں کروں گا [illegible] تسلیم کر لیا جائے گا [illegible] بھارت کے ساتھ کشمیر سمیت ہمارے جو معاملات الجھے ہوئے ہیں سب کے بارے میں ہمارے صدر کی [illegible] دو رائیں یا دو اشارے موجود ہیں درحقیقت صدر بھٹو کا واسطہ ایک عیار مکار اور مضبوط دشمن سے ہے اور جیسے دشمن کا [illegible] ہے [illegible] دیانت داری تذبذب کے عذاب میں مبتلا رکھا جائے اور اسے یہ معلوم نہ ہو سکے کہ اس پر کس طرف سے حملہ ہو گا کس جہت سے حملہ ہو گا شدید ہو گا یا نرم ہو گا یا حملہ ہو گا بھی یا نہیں۔

صدر بھٹو کی بھارت کے بارے میں جو پالیسی مرحلہ وار [illegible] ہے وہ بڑی دلچسپ بھی بھارت نے پاکستان کو توڑ دینے

کے میدان میں بڑے چکر دیئے ہیں۔ گزشتہ پچیس برس میں ہم ان سے مار کھاتے رہے

اب اندرا کی یہ مار بھی درحقیقت جارحانہ پالیسی کی جیت تھی اب صدر بھٹو نے بھارت کے ساتھ اپنی ہتھیاروں سے جنگ شروع کر رکھی ہے جو وہ پاکستان پر آزما رہا ہے بھارت کہتا کچھ رہا ہے کرتا کچھ اور رہا ہے ہمارے صدر بھارت سے بھی آگے بڑھ گئے ہیں انہوں نے ہر قسم کی بات کر رکھی ہے یہ بھی ہو گا صدر بھٹو کہیں گے کہ میں نے تو یہی کہا تھا اور یہی کیا ہے قول و عمل میں تضاد کا سوال ہی نہیں ہے۔

بھارت اس پالیسی اور سیاسی حربے سے یقیناً پریشان ہو گا اسے غالباً اب تک یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ پاکستان کا صدر کیا رویہ اور موقف اختیار کرنے کا چونکہ یہ معلوم نہیں اس لئے بھارتی جنگ کا پروگرام بھی پیشگی نہیں بن رہا بلکہ کئی متبادل اور متضاد جواب تیار کرنے پڑ رہے ہوں گے بھارت کی اس پریشانی پر تو ہم خوش ہیں لیکن ہمارے قومی سیاستدانوں کی پریشانی ہمیں بہت کھلتی ہے جیسا کہ عرض کیا ہے نہ پیپلز پارٹی کی سمجھ میں آ رہا ہے کہ وہ کس موقف کی تائید کی تیاری کر رکھے اور نہ اپوزیشن کے پلے کچھ پڑ رہا ہے جہاں تک پیپلز پارٹی کا تعلق ہے اس کے لئے زیادہ الجھن کی کوئی صورت نہیں ہے کہ اس جماعت کی کوئی پالیسی ہوتی ہی نہیں ہے صدر صاحب ... [illegible] تو پارٹی بھی ایسا کرنا شروع کر دیتی ہے ... پاکستان

کی سب سے [illegible] اور [illegible] پیپلز پارٹی [illegible]

[illegible]

الفردوس ٹریڈنگ

خوشخبری، ہم نہایت مسرت کے ساتھ اعلان کرتے ہیں کہ اب ہم نے ہر قسم کے مسالہ جات، دال، سویاں، اچار اور دیگر ایشیائی خوردونوش براہ راست پاکستان سے منگوانے کا انتظام کیا ہے، اب ہر قسم کی اشیاء تازہ بہ تازہ دستیاب ہیں، اس کے علاوہ مرغی اور حلال گوشت ہمیشہ کی طرح حاضر ہے،

918 پیپ ایونیو، سٹرانٹو — ٹیلیفون 463-1287

۲۵۔الفاظ

بنگلہ دیش کی بہاری آبادی کے خطوط

(عالمی ریڈ کراس کی طرف سے ۲۵۔الفاظ تک کے خطوط لکھنے کی پابندی ہے)

احمد ندیم قاسمی

(۱)

رات ہے
گھات میں دشمن ہے
وہ دشمن جو مرا بھائی ہے

میرا ہتھیار فقط
(اے مرے اربابِ وطن!)
آپ کی بخشی ہوئی تنہائی ہے

(۲)

چلو یوں کریں
اس گگرے سمندر میں کودیں
مگر جسم کے ساتھ پتھر بھی ہوں
اپنی تاریخ کے
اپنی تہذیب کے
اپنے ایمان کے

(۳)

نظریات کے بلور کی کرچوں کو
مرے سینۂ بریاں میں بھر دو
اور پھر میرے تڑپتے ہوئے لاشے کے پھلکے پہ
کوئی رقص کرو
رقص کرو

(۴)

شہر ٹیگور کے ایک بازار میں
تین سو میری عصمت کی قیمت پڑی
آخری بولی جس شخص نے دی
وہ ٹیگور کا کتنا ہمشکل تھا!

(۵)

میرے نورِ نظر!
جب صدی دو صدی بعد اس سمت آنا
کسی ناریل کے تلے۔ (کوئی بھی ناریل ہو)
مجھے یاد کرنا
مجھے بھول جانا

(۶)

میں پکاری
میں عورت بھی ہوں
عالمِ آدمیت کی عزت بھی ہوں
اور وہ بولا۔
کہ میں تیرا بھائی بھی ہوں
اور فدائی بھی ہوں

(۷)

میں واپس جب آئی
تو رو کر پکاری
مرا جسم اب چیتھڑا ہے
کہا میری امی نے۔
بیٹی، نہ رو
سب کا شاہد خدا ہے

(۸)

بھیا، جب تم مجھ کو لینے آنا
اردو کا اک لفظ نہ کہنا
تکتے رہنا
مجبوراً کچھ کہنا پڑے تو اتنا کہنا
میں گونگا ہوں

"کاروانِ ملت کی منزل متعین کی جائے"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سحر قریب ہے شاید میرے وطن کے لئے
کہی ہے کس نے اذاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

ارجولائی ۱۹۶۷ء

واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً ولا تفرقوا
اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامو اور آپس میں علیحدہ نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ کے ان احکامات پر عمل کرنے کی ضرورت جتنی اس وقت ہے شاید کبھی نہیں تھی، ہماری صفوں میں اتحاد سے اہم کوئی ضرورت اور نہیں ہے، پاکستان کی بیسویں سالگرہ کے موقع پر ہم سب کو ایک جگہ جمع ہو کر اسے شایانِ شان طریق سے منانا چاہیئے ــــ اس معاملہ میں ہمارے سفارتی نمائندے مناسب کردار ادا کر سکتے ہیں۔

پاکستان کے نقطۂ نظر کی اشاعت اور پاکستانیوں کی تفریحِ طبع کے لیئے ۱۶ ارجولائی کو ۸ بجے شب پہلا ریڈیو پروگرام صدائے پاکستان ریڈیو CHIN سے شروع ہوگا ــــ

---

۱۵ ارجولائی ۶۷ء کو فرینڈز آف پاکستان کی جانب فلم لگونلکھٹ، مسٹر سائنڈر کا بجٹ میں پیش کی جائیگی ــــ

تقلید سے ناکارہ نہ کر اپنی خودی کو
کر اس کی حفاظت کہ یہ گوہر ہے یگانہ

سعید ...

[illegible]

SUBSCRIBE TO "VOICE OF PAKISTAN"
Subscription for SIX months is $2 only
Send your cheque to:—
FRIENDS OF PAKISTAN
POST BOX:303: STATION 'D'
TORONTO (ONT.) CANADA

Name ....
Phone No. ....
Address ....
....
....
....

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹرانٹو

جلد ۱ | ۱ر جولائی ۱۹۷۲ء — ۱۸ جمادی الاوّل ۱۳۹۲ ہجری | نمبر ۷

پاکستان کا نیا بجٹ

پٹرول پر ایک روپیہ فی گیلن، سگریٹوں پر پانچ پیسہ فی پیکٹ اور مشروبات پر ایکسائز ڈیوٹی میں اضافہ

شرابوں پر درآمدی ڈیوٹی مزید ۵ فیصد بڑھادی گئی

راولپنڈی: ۱۸ جون (نمائندہ جنگ) پاکستان کے وزیر خزانہ ڈاکٹر مبشر حسن نے ملک کے نئے بجٹ کا اعلان کرتے ہوئے ۲۶ کروڑ روپے کے نئے ٹیکس لگانے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر خزانہ نے یہ بجٹ مری میں ایک پریس کانفرنس کے دوران پیش کیا جسے ریڈیو پاکستان سے براہ راست نشر کیا گیا۔ انہوں نے دولت پر ٹیکس دوگنا کر دیا ہے اور اسٹیٹ ڈیوٹی بڑھا کر ۷۵ فی صد کر دی گئی ہے۔ وزیر خزانہ نے پٹرول پر ایکسائز ڈیوٹی ایک روپیہ فی گیلن بڑھا دی ہے اور سگریٹوں پر ۵ پیسہ فی پیکٹ بھی ڈیوٹی میں اضافہ کیا گیا۔ ٹھنڈے مشروبات پر بھی ڈیوٹی بڑھانے کے علاوہ وزیر خزانہ نے ہر قسم کی غیر ملکی شرابوں پر امپورٹ ڈیوٹی میں ۵ فی صد اضافے کا اعلان کیا ہے۔ نئے بجٹ کے تحت صنعتوں کو ٹیکسوں سے چھوٹ کی جو مدت دی گئی تھی اسے منسوخ کر دیا گیا ہے۔ بینکوں پر سپر ٹیکس میں ۲۵ فی صد اضافہ بھی کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر مبشر حسن نے سونے اور چاندی کے زیورات پر سیلز ٹیکس منسوخ کر دیا ہے لیکن اس کی بجائے سناروں پر انکم ٹیکس سرچارج عائد کر دیا گیا ہے۔ جن رہائشی مکانوں کا کرایہ چھ ہزار روپے سالانہ سے کم ہوگا ان پر ٹیکس معاف کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے سیونگ اور انوسٹمنٹ کے الاؤنس میں بھی اضافہ کر دیا ہے۔ وزیر خزانہ نے آمدنی کا تخمینہ ۸۔ارب ۵۱ کروڑ روپے لگایا ہے جس میں صوبوں کے حصے کا ایک ۸۰ کروڑ روپیہ خرچ ہوگا جس سے ۴۵ کروڑ روپے کی بچت ہوگی۔ یہ رقم کیپٹل اکاؤنٹ میں منتقل کر دی جائے گی۔ کیپٹل بجٹ میں اخراجات کا تخمینہ ۴۔ارب ۱۵ کروڑ روپے لگایا گیا ہے جس میں داخلی طور پر آمدنی کا اندازہ ۶۹ کروڑ روپے اور بیرونی ذرائع سے آمدنی کا اندازہ ۲۔ارب ایک کروڑ روپے لگایا گیا ہے اس طرح ۴۵ کروڑ روپے کا جو خسارہ ہوگا۔ اس خسارے کو پورا کرنے کے لئے ۳۶ کروڑ روپے کی ضرورت ہوگی جس میں ۲۶ کروڑ روپے نئے ٹیکسوں سے پورے ہو جائیں گے اور چار کروڑ روپے ریلوے کی بچت سے حاصل ہوں گے اس طرح ۱۶ کروڑ روپے کی باقی رقم خسارے کی مالیت کے ذریعے پوری ہوگی یعنی اس کے بعد ایک کروڑ روپے کی بچت ہو جائے گی۔ دفاع کا ذکر کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے اعلان کیا کہ ملک کے دفاع پر اخراجات نہ تو بہت زیادہ اور نہ ہی بہت کم ہوں گے۔ انکم ٹیکس نظام میں بعض تبدیلیوں کا اعلان کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ زرعی سیکٹر پر ٹیکسوں کا مزید بوجھ نہ ڈالا جائے۔ انہوں نے صنعت کاروں کو یقین دلایا کہ پاکستان کے پاس زر مبادلہ کے کافی ذخائر موجود ہیں اور خام مال کی درآمد میں کوئی دشواری نہیں ہوگی لہٰذا ملک میں عام استعمال کی اشیا کی کوئی قلت نہیں ہونی چاہیے۔

پاکستان اور بھارت کے سربراہوں کی کانفرنس کے فیصلے

شملہ:۔

۱۔ آئندہ ملاقات ماہ ستمبر میں پاکستان میں ہوگی،

۲۔ دونوں ملک معاہدہ کی توثیق کے بعد اپنی اپنی فوجیں ایک ماہ کے اندر جنگ سے پہلے کی جگہ پر واپس چلی جائیں گی،

۳۔ کشمیر میں حالات فی الحال برقرار رہیں گے،

۴۔ تجارتی اور سفارتی تعلقات بحال کر دیئے جائیں گے،

۵۔ آئندہ سربراہوں کی کانفرنس تک اعلیٰ سطح پر افسروں کی کانفرنس جاری رہیں گی،

۶۔ جنگی قیدیوں کی واپسی کا مسئلہ بھی اعلیٰ سطح کی کانفرنس میں طے کیا جائیگا،

[illegible]

پیپلز پارٹی کے لوگ خود اپنے دشمن ہیں

ہنگاموں اور ہڑتالوں کے پیچھے کسی دشمن کا ہاتھ نہیں

لاہور۔ ۱۹ جون (چیئرمین پارٹی صدر ذوالفقار علی بھٹو نے پیپلز پارٹی کے عہدیداروں اور ورکروں سے کہا ہے کہ ملک میں ان کا کوئی دشمن نہیں ہے بلکہ پارٹی کے لوگ خود اپنے دشمن ہیں کیونکہ وہ اپنے اصولوں، نظریات اور فلسفے پر عمل نہیں کرتے۔

[illegible]

راولپنڈی ۱۵ جون (ے پ پ) امریکی کے ہفتہ وار "نیوز ویک" کے ایڈیٹر مسٹر گریبک نے صدر بھٹو سے انٹرویو لیتے ہوئے بھارتی وزیراعظم اندرا گاندھی کی جو تعریف کی زیادہ صدر بھٹو سے اندرا گاندھی کے ساتھ مجوزہ مذاکرات کے متعلق بات کر رہے تھے انہوں نے بتایا کہ ان کے ایک ساتھی اندرا گاندھی سے مل چکے ہیں وہ ایک غیر معمولی انسان ہیں۔ مسٹر گریبک نے کہا ان کی خواہش ہے کہ صدر بھٹو جب مسز گاندھی وزیراعظم سے بات چیت کر رہے ہوں وہ وہاں کے پیچھے چھپ کر بیٹھ جائیں اور تمام باتیں سنیں۔

صدائے پاکستان کا ۱۴ اگست کا شمارہ

★ استقلال نمبر ★

ہوگا،

براہ کرم اپنے مضامین اور اشتہارات یکم اگست تک بھجوائیں، ادارہ